69

Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________

Sig. of Invigilator: ____________

# اُردو اختیاری   ایچ ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔اس کے جوابات پرچہ پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) '' اردو '' کس زبان کا لفظ ہے؟

الف۔ ترکی    ب۔ عربی

ج۔ ہندی    د۔ فارسی

(ii) ''خدا کی بستی ''کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ پریم چند    ب۔ شوکت صدیقی

ج۔ غلام عباس    د۔ میرزا ادیب

(iii) میر امن کی وجہِ شہرت کیا ہے؟

الف۔ شاعری    ب۔ مضمون نگاری

ج۔ داستان گوئی    د۔ ڈراما نگاری

(iv) مرزا رسوا نے اردو کے علاوہ کس زبان میں لکھا؟

الف۔ انگریزی میں    ب۔ بلوچی میں

ج۔ پنجابی میں    د۔ سندھی میں

(v) خدیجہ مستور کی کس کتاب کو ''آدم جی ایوارڈ'' دیا گیا؟

الف۔ بوچھاڑ    ب۔ ٹھنڈا میٹھا پانی

ج۔ آنگن    د۔ زمین

(vi) مختصر افسانے کی بنیادی شرط کیا ہے؟

الف۔ مناظرِ فطرت    ب۔ طوالت

ج۔ وحدتِ تاثر    د۔ تجسس

(vii) غلام عباس نے پندرہ سال کی عمر میں ادبی زندگی کا آغاز کب کیا؟

الف۔ 1925ء    ب۔ 1930ء

ج۔ 1928ء    د۔ 1924ء

(viii) '' امتیاز علی تاج ''نے اردو ادب میں صحافت کے علاوہ کس فن کی طرف توجہ دی؟

الف۔ شاعری    ب۔ ڈراما نگاری

ج۔ ناول نگاری    د۔ افسانہ نگاری

(ix) میرزا ادیب کا تعلق کس شہر سے تھا؟

الف۔ کراچی    ب۔ پشاور

ج۔ لاہور    د۔ ملتان

(x) سر سید احمد خاں کے جاری کردہ اصلاحی رسالے کا نام کیا تھا؟

الف۔ مخزن    ب۔ تہذیب الاخلاق

ج۔ شاہکار    د۔ نیرنگِ خیال

(xi) ''مقدمہ شعر و شاعری'' کا تعلق کس صنفِ ادب سے ہے؟

الف۔ افسانہ ب۔ شاعری

ج۔ تنقید د۔ طنز و مزاح

(xii) الغزالی، الفاروق، المامون کا تعلق کس صنفِ نثر سے ہے؟

الف۔ داستان ب۔ افسانہ

ج۔ مضمون د۔ سوانح

(xiii) اردو میں پہلا ڈراما کون سا لکھا گیا؟

الف۔ رستم و سہراب ب۔ انارکلی

ج۔ اندر سبھا د۔ آرام و سکون

(xiv) مثنوی 'قطب مشتری' کے شاعر کا کیا نام ہے؟

الف۔ ملا وجہی ب۔ نصرتی

ج۔ غواصی د۔ ولی دکنی

(xv) شاعری میں امیر مینائی کو کس صنفِ سخن نے شہرت عطا کی؟

الف۔ نعت ب۔ نظم

ج۔ غزل د۔ مثنوی

(xvi) میر انیس کا مرثیہ '' شوقِ شہادت'' ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ مخمس ب۔ مثنوی

ج۔ مسدس د۔ رباعی

(xvii) اردو کا پہلا '' عوامی شاعر '' کسے کہا جاتا ہے؟

الف۔ ن۔م۔راشد ب۔ مجید امجد

ج۔ نظیر اکبر آبادی د۔ اکبر الہ آبادی

(xviii) اقبالؒ کو سرکارِ برطانیہ کی طرف سے ''سر'' کا خطاب کس سال ملا؟

الف۔ 1922ء ب۔ 1924ء

ج۔ 1927ء د۔ 1923ء

(xix) فردوسی کے '' شاہنامہ '' کے انداز میں اُردو میں'' شاہنامہ اسلام'' کس شاعر نے لکھا؟

الف۔ علامہ اقبالؒ ب۔ حفیظ جالندھری

ج۔ اسماعیل میرٹھی د۔ حفیظ ہوشیار پوری

(xx) کس شاعر کو شاعرِ فطرت اور شاعرِ شباب کہا جاتا ہے؟

الف۔ علامہ اقبالؒ ب۔ احسان دانش

ج۔ جوش ملیح آبادی د۔ مجید امجد

---

برائے ممتحن : کل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

# اُردو اختیاری ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصّہ دوم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر۲۔ اردو نثر نگاری کے ارتقاء پر فورٹ ولیم کالج کے کردار پر نوٹ لکھیں۔ (12)

(یا)

سید امتیاز علی تاج کے ڈراما 'قلعہ لاہور کا ایک ایوان' میں " دلآرام " کا کردار جوش وخروش کی کیفیت پیدا کرتا ہے۔ اس کردار کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر۳۔ درج ذیل میں سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ ہر سوال کا جواب پانچ سطروں تک محدود ہو۔ (3x5=15)

(i) مولانا حالی نے شاعری کے لیے کیا شرطیں ضروری قرار دی ہیں؟

(ii) خوشی محمد ناظر کی نظم "جوگی" کا مرکزی خیال تحریر کریں۔

(iii) شراب کو " اُم الخبائث " کیوں کہا گیا ہے؟

(iv) "عقل اور دل" نے اپنی اپنی بڑائی کا کیا جواز پیش کیا ہے؟

سوال نمبر۴۔ سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+5=7)

الف۔ کچھ شبہ نہیں ہے کہ جو عادتیں اور رسمیں قوموں میں مروّج ہیں اُن کا رواج یا تو ملک کی آب وہوا کی خاصیت سے ہوا ہے یا اُن اتفاقیہ امور سے جن کی ضرورت وقتاً فوقتاً بضرورت تمدن ومعاشرت کے پیش آتی گئی ہے یا دوسری قوم کی تقلید واختلاط سے مروّج ہوگئی ہیں یا انسان کی حالت ترقی یا تنزّل نے اُس کو پیدا کر دیا ہے۔ بس ظاہراً یہی چار سبب ہر ایک قوم اور ہر ایک ملک میں رسوم وعادات کے مروّج ہونے کا مبدا ومنشا معلوم ہوتے ہیں۔

ب۔ ایک ماں کی مامتا تھی جو ہر وقت بے چین رہتی۔ وہ اس کے سرہانے بیٹھی رہتی اور اکثر ساری رات آنکھوں میں کاٹ دیتی۔ ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق وقت پر دوا دیتی، اس کا سر دباتی، بخار کی شدت ہوتی تو اس کے تلوے سہلاتی۔ پیشانی پر کپڑا بھگو کر رکھتی۔ ہر طرح اسے تسلی دیتی۔ کبھی کبھی وہ اپنی بے کسی پر بے قرار ہو کر آب دیدہ ہو جاتا تو وہ اسے سمجھاتی اور سمجھاتے سمجھاتے خود بھی رونے لگتی۔

سوال نمبر۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالۂ شاعر اس طرح تشریح کیجیے کہ اشعار کی فنی خوبیاں نمایاں ہو جائیں۔ نیز نظم کا عنوان لکھیے: (1+1+5=7)

الف۔
پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اُس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اُس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے ہیں، سچا ایک نام اُس کا
ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اُس کا

ب۔
خنکی وہ بیاباں کی وہ رنگینیٔ صحرا
وہ وادیٔ سر سبز وہ تالابِ مصفّا
پیشانیٔ گردوں پہ وہ ہنستا ہوا تارا
وہ راستے جنگل کے وہ بہتا ہوا دریا
ہر سمت گلستاں میں وہ انبار گلوں کے
شبنم سے وہ دھوئے ہوئے رخسار گلوں کے

سوال نمبر۶۔ الطاف حسین حالی پر سوانحی وتنقیدی نوٹ لکھیے۔ (9)

(یا)

علامہ اقبالؒ کی شاعری پر ایک تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

## حصّہ سوم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں: (10)

الف۔ سر سید احمد خاں کی ادبی خدمات

ب۔ پطرس بخاری کی مزاح نگاری

ج۔ اقبالؒ کا تصوّرِ خودی

د۔ اردو شاعری کا ارتقاء

سوال نمبر۸۔ درج ذیل اصنافِ نثر میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ ناول

ب۔ داستان

سوال نمبر۹۔ درج ذیل اصنافِ نظم میں سے کسی ایک پر مختصر نوٹ لکھیں: (10)

الف۔ حمد

ب۔ رباعی